رول نمبر اُمیدوار : ____________

اُردو (لازمی) پہلا گروپ (1st A 124-II) سیکنڈری سکول پارٹ-I، کلاس نہم پرچہ : I

وقت : 20 منٹ Guj-I-24 معروضی ...... Code: 5023 مارکس : 15

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A ، B ، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

1 . 1- " مؤنث " لفظ ہے

(A) غزل (B) گلاب (C) سراب (D) بادل

2- " امید " کا متضاد ہے

(A) بے اُمید (B) نااُمیدی (C) بے اُمیدی (D) کم اُمید

3- " مناظر " کا واحد ہے

(A) نظارہ (B) منظر (C) منظروں (D) نظارے

4- خلوتِ اوراق میں نغمہ زن تھے

(A) طیور (B) بلبل (C) قمری (D) طائر

5- پنجابی / سرائیکی لفظ "سُتھن" سے مراد ہے

(A) قمیص (B) چادر (C) شلوار (D) بنیان

6- بڑے اُلو کو کہتے ہیں

(A) مہا اُلو (B) شاہ اُلو (C) بوم (D) چغد

7- جمن جس وضع کا آدمی تھا

(A) صلح پسند (B) لڑاکا (C) امن پسند (D) ڈرپوک

8- پلنگ پر چادر اوڑھ کر سو گئے

(A) جناب ابوبکرؓ (B) جناب عامرؓ بن فہیرہ (C) جناب امیرؓ (D) جناب عبداللہؓ

9- "شخص" کی جمع ہے

(A) شخصیت (B) شخصیات (C) اشخاص (D) شخصوں

10- " مذکر " لفظ ہے

(A) راگ (B) زندگی (C) قدرت (D) برسات

11- وِلسن روڈ کا بنگلا جس نے بنوایا تھا

(A) جانسن (B) وِلسن (C) بیکن (D) وِلیم

12- لفظ " ملت " کا درست تلفظ ہے

(A) مَلَت (B) مِلَّت (C) مَلّت (D) مِلَت

13- " توبۃ النصوح " کی صنف ہے

(A) ناول (B) افسانہ (C) ڈرامہ (D) مضمون

14- میرتقی میر پیدا ہوئے

(A) 1721ء (B) 1722ء (C) 1724ء (D) 1723ء

15- فرمانِ امن لکھا گیا

(A) کپڑے پر (B) چمڑے پر (C) کاغذ پر (D) دھات پر

www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org

پرچہ I | (1st A 124) سیکنڈری سکول پارٹ-I، کلاس نہم | پہلا گروپ
مارکس: 60 | انشائی | 2:10 گھنٹے

## حصہ اول

2 - درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ حصہ نظم سے کوئی تین اور حصہ غزل سے کوئی دو اشعار کی تشریح کیجیے: **(6+4 = 10)**

### (حصہ نظم)

**(3x2=6)**

i - سب مست ہو رہے ہیں پہچان تیری قدرت ...... تیتر پکارتے ہیں سُبحان تیری قدرت

ii - محرم بھی ہے ایسا ہی جیسا کہ ہے نامحرم ...... کچھ کہہ نہ سکا جس پر یاں بھید کھُلا تیرا

iii - ڈالی گئی جو فصلِ خزاں میں شجر سے ٹوٹ ...... ممکن نہیں ہری ہو۔ سحابِ بہار سے

iv - سُنی ہم نے طوطی و بُلبل کی باتیں ...... ترا تذکرہ ہے، تری گفتگو ہے

### (حصہ غزل)

**(2x2=4)**

i - مزا غم کے کھانے کا جس کو پڑا ...... وہ اشکوں سے ہاتھ اپنا دھویا کیا

ii - دِلِ ناداں تجھے ہُوا کیا ہے ...... آخر اِس درد کی دوا کیا ہے

iii - لگتا نہیں ہے دِل مرا اُجڑے دیار میں ...... کِس کی بنی ہے عالَمِ ناپائیدار میں

## حصہ دوم

3 - درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے، سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے:- **(5+5 = 10)**

(الف) ایک ایسے شخص کی حالت کو خیال کرو، جس کی آمدنی، اُس کے اخراجات کو مناسب ہو اور اُس کے حاصل کرنے میں اُس کو چنداں محنت و مشقت کرنی نہ پڑے، جیسا کہ ہمارے ہندوستان میں ملکیوں اور لاخراج داروں کا حال تھا اور وہ اپنے دلی قویٰ کو بھی بے کار ڈال دے تو اُس کا حال کیا ہوگا۔

(ب) جب دوسروں سے مدد ملنے کی توقع منقطع ہوگئی تو میں نے دل میں سوچا کہ چلو ان گارڈ صاحب سے ہی پوچھیں۔ میں کھڑا ہوگیا۔ وہ آئے میں نے دریافت کیا کہ جناب اس دوسرے سوال کا کیا جواب ہے؟ وہ مسکرائے اور کہا کہ "مجھے معلوم نہیں۔" میں نے کہا کہ یہ برابر والے بڑے زور سے لکھ رہے ہیں۔

(ورق اُلٹیے)

4 - درج ذیل سوالات میں سے کسی پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ **(10)**

i - خط کو آدھی ملاقات کیوں کہا جاتا ہے؟

ii - آرام وسکون صحت کے لیے کیوں ضروری ہے؟

iii - تجمل نے اختر کے بارے میں کن خیالات کا اظہار کیا؟

iv - نگرانِ کار نے طالب علم کے ساتھ کس قسم کا برتاؤ کیا؟

v - مرکبِ تام کی دو مثالیں لکھیے۔

vi - ردیف اور قافیہ میں کیا فرق ہے؟

vii - حمد اور نعت میں کیا فرق ہے؟

viii - میر نے "نیم باز آنکھوں کی مستی" کو کیا قرار دیا؟

5 - درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے۔ **(5)**

(الف) مرزا غالب کے عادات و خصائل (ب) لہو اور قالین

6 - شاملِ نصاب نظم "حمد" کا مرکزی خیال **یا** خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ **(5)**

7 - اپنے والد کے نام خط لکھیے اور اپنے سکول میں امتحانی نتیجہ کی رُوداد بیان کیجیے۔ **یا** اپنے سکول کے ہیڈ ماسٹر / ہیڈ مسٹریس / پرنسپل کے نام فیس معافی کی درخواست تحریر کیجیے۔ **(10)**

8 - "جس کا کام اُسی کو ساجھے" کے عنوان پر کہانی تحریر کیجیے۔ **یا** "ہوٹل منیجر اور گاہک" کے درمیان ہونے والا مکالمہ تحریر کیجیے۔ **(5)**

9 - درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے۔ **(5)**

i - جی نے چاہا تو سیر کروں گا۔

ii - مزمل نے قرآن کو پڑھا ہوگا۔

iii - طارق نے اخبار کو خریدا ہوگا۔

iv - مسافر نے مقامی لوگوں کو جاہل سمجھے۔

v - جوانی میں ہم بھی گدھے بیچ کر سویا کرتے تھے۔

**یا**

درج ذیل ضرب الامثال کی تکمیل کیجیے۔

i - پاک رہو، ________ ۔

ii - تخم تاثیر، ________ ۔

iii - صورت نہ شکل، ________ ۔

iv - ماروں گھٹنا ________ ۔

v - یہاں کا باوا ________ ۔

www.pakcity.org

رول نمبر اُمیدوار : ____________

اُردو (لازمی) دوسرا گروپ (1st A 124-IV) سیکنڈری سکول پارٹ-I، کلاس نہم پرچہ : I

وقت: 20 منٹ Guj-2-24 معروضی ...... Code: 5028 مارکس : 15

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

1 . 1 - "جرم" کی جمع ہے

(A) جروم (B) اجرام (C) جریم (D) اجرائم

2 - ______ کی کمر جھک کر کمان ہو گئی تھی۔

(A) دادی (B) نانی (C) خالہ (D) پھوپھی

3 - "رنج" کا مترادف ہے

(A) سکھ (B) خوشی (C) الم (D) پیار

4 - "بنجارا" کی مؤنث ہے

(A) بنجاری (B) بنجارن (C) بنجارنی (D) بنجن

5 - نعت میں طوطی کے ساتھ لفظ آیا ہے

(A) بلبل (B) طوطا (C) کبوتر (D) مور

6 - جو لوگ زنانہ مکان کے اندر گھسنا معیوب سمجھتے تھے

(A) اہلِ مغرب (B) اہلِ عرب (C) اہلِ دل (D) اہلِ وطن

7 - میرتقی میر کی وجہ شہرت ہے

(A) نظم (B) مرثیہ (C) قصیدہ (D) غزل

8 - "بندر" کی مؤنث ہے

(A) بندری (B) بنداری (C) بندریا (D) بندائن

9 - شعر کے آخر میں دہرائے جانے والے ایک جیسے الفاظ کو کہا جاتا ہے

(A) قافیہ (B) مطلع (C) ردیف (D) مقطع

10 - ______ کے اخلاق نہایت وسیع تھے۔

(A) حاؔلی (B) آتؔش (C) غاؔلب (D) ذوؔق

11 - اکثر ______ گھبرایا کرتا ہے۔

(A) مبتدی (B) چور (C) جھوٹا (D) نالائق

12 - "خیمہ" کی جمع ہے

(A) خمیم (B) اخیام (C) خیام (D) خموم

13 - روٹی پیدا کرنے کے لیے نہایت ضروری ہے

(A) آرام (B) سفارش (C) خوشامد (D) محنت

14 - عید کے دن میلے سے کھلونا گاڑی لایا تھا

(A) ننھا (B) منا (C) ببلو (D) للو

15 - مصرع "اس زُلف پہ پھبتی شب دیجور کی سوجھی" ______ کا ہے۔

(A) انشؔا (B) جرأؔت (C) دردؔ (D) میرتقی میر

www.pakcity.org
EDUCATION pakcity.org

پرچہ I | (1st A 124) سیکنڈری سکول پارٹ - I، کلاس نہم | دوسرا گروپ

مارکس : 60 | انشائی | 2:10 گھنٹے

## حصہ اول

2 - درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ حصہ نظم سے کوئی تین اور حصہ غزل سے کوئی دو اشعار کی تشریح کیجیے: (6+4 = 10)

### (حصہ نظم)

(3x2 = 6)

i - ہے تیرے گلستاں میں بھی فصلِ خزاں کا دور ...... خالی ہے جیبِ گُل، زرِ کامل عیار سے

ii - سبزوں کی لہلہاہٹ، کچھ ابر کی سیاہی ...... اور چھا رہی گھٹائیں سرخ اور سفید کاہی

iii - چچتا نہیں نظروں میں یاں خلعتِ سُلطانی ...... کملی میں مگن اپنی رہتا ہے گدا تیرا

iv - یہاں ہے ظہور اور وہاں نور تیرا ...... مکاں میں بھی تُو، لامکاں میں بھی تُو ہے

### (حصہ غزل)

(2x2 = 4)

i - میں جو بولا، کہا کہ یہ آواز ...... اُسی خانہ خراب کی سی ہے

ii - برہمن کو باتوں کی حسرت رہی ...... خدا نے بتوں کو نہ گویا کیا

iii - جان تم پر نثار کرتا ہوں ...... میں نہیں جانتا دُعا کیا ہے

## حصہ دوم

3 - درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے، سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے:- (5+5 = 10)

(الف) ہم قبول کرتے ہیں ہندوستان میں ہندوستانیوں کے لیے ایسے کام بہت کم ہیں، جن میں اُن کو قوائے دلی اور قوتِ عقلی کو کام میں لانے کا موقع ملے اور برخلاف اس کے اور ولایتوں میں اور خصوصاً انگلستان میں، وہاں کے لوگوں کے لیے ایسے موقعے بہت ہیں اور اس میں بھی کچھ شک نہیں کہ اگر انگریزوں کو بھی کوشش اور محنت کی ضرورت اور اُس کا شوق نہ رہے، جیسا کہ اب ہے، تو وہ بھی بہت جلد وحشت پنے کی حالت کو پہنچ جاویں گے۔

(ب) دن بھر اُلو آرام کرتا ہے اور رات بھر ہُو ہُو کرتا ہے۔ اس میں کیا مصلحت پوشیدہ ہے؟ میرا قیاس اتنا ہی صحیح ہے جتنا کہ آپ کا۔ لوگوں کا خیال ہے کہ اُلو تُو ہی تُو کا وظیفہ پڑھتا ہے۔ اگر یہ سچ ہے تو وہ ان خود پسندوں سے ہزار درجہ بہتر ہے، جو ہر وقت مَیں ہی مَیں کا وِرد کرتے رہتے ہیں۔

(ورق اُلٹیے)

4 - درج ذیل سوالات میں سے کسی پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ (10)

i - خواجہ باسط نے میر اور مرزا کے کلام کے بارے میں کیا فرمایا؟

ii - انسان کب سخت کاہل اور وحشی ہو جاتا ہے؟

iii - افسانہ کی تعریف کیا ہے؟

iv - جملے کے کتنے اجزاء ہیں؟

v - بُلبل کے گانے کی کیا وجہ ہے؟

vi - " مطلع " کے معنی کیا ہیں؟

vii - محرم اور نامحرم میں کیا فرق ہے؟

viii - میر کی نصابی غزل سے قافیہ کی مثال دیجیے۔

5 - درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے۔ (5)

(الف) ہجرتِ نبوی خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم (ب) لہو اور قالین

6 - شاملِ نصاب نظم " برسات کی بہاریں " کا مرکزی خیال یا خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (5)

7 - اپنی والدہ کو خط لکھیے اور موسم گرما کی تعطیلات کا پروگرام بتائیے۔ یا جناب ہیلتھ آفیسر کے نام درخواست تحریر کیجیے اور اپنے محلہ کی ناقص صفائی کی شکایت کیجیے۔ (10)

8 - پڑھائی کے موضوع پر دو ہم جماعتوں کے درمیان مکالمہ تحریر کیجیے۔ یا "عقل مند بوڑی" کے عنوان پر کہانی تحریر کیجیے۔ (5)

9 - درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے۔ (5)

i - اس نے کتاب کو خریدا۔

ii - ہمت کو نہ ہارو۔

iii - اللہ کا نام لے کر کمر کو باندھ لو۔

iv - جماعت کراچی چلی گئیں۔

v - آسمان سے ملاقاتیں کرنا۔

یا

درج ذیل ضرب الامثال کی تکمیل کیجیے۔

i - بوڑھی گھوڑی ________ ۔

ii - بات کھٹائی میں ________ ۔

iii - قاضی کے گھر کے ________ ۔

iv - گڑ سے جو مرے تو ________ ۔

v - دل کو دل سے ________ ۔



www.pakcity.org

رول نمبر اُمیدوار : [redacted]

اُردو (لازمی) — پہلا گروپ — 1st A 123 - (II) (سیکنڈری سکول پارٹ I ، کلاس نہم) — پرچہ I

وقت: 20 منٹ — معروضی — Code: 5023 — مارکس: 15

GUJ-1-23

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A ، B ، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

1 . 1 - سبق "آرام وسکون" میں میاں پینا / کھانا چاہتا تھا
(A) حلوہ (B) ساگودانہ کی کھیر (C) یخنی (D) چاول

2 - اُردو کے ارکانِ خمسہ میں شمار ہوتا ہے
(A) ڈپٹی نذیر احمد (B) کرنل محمد خان (C) سید امتیاز علی تاج (D) احمد ندیم قاسمی

3 - اختر کی آنکھیں شب بیداری کی وجہ سے تھیں
(A) زرد (B) سیاہ (C) سرخ (D) نیم باز

4 - نظم "حمد" میں حمد سرا ہے
(A) محرم (B) نامحرم (C) فرمانبردار (D) نافرمان

5 - "موج" کی جمع ہے
(A) مواجین (B) مواج (C) امواج (D) امواجین

6 - "اذکار" کا واحد ہے
(A) ذکر (B) ذکور (C) مذکر (D) ذاکر

7 - "انجام" کا متضاد ہے
(A) آغاز (B) آخر (C) آلام (D) زوال

8 - سبق "ملکی پرندے اور دوسرے جانور" میں جس جانور کا ذکر نہ ہے
(A) بھینس (B) ہاتھی (C) بلی (D) کوا

9 - "قاطع برہان" کے مصنف ہیں
(A) سودا (B) مومن (C) مرزا غالب (D) ذوق

10 - "کمہار" کی مؤنث ہے
(A) کمھاران (B) کمھارن (C) کمھاریان (D) کمھارہ

11 - جس نے سودا کو میر پر ترجیح دی
(A) شیفتہ (B) غالب (C) ذوق (D) مومن

12 - "عسرت" کا مترادف نہیں ہے
(A) تنگی (B) غربت (C) تنگ دستی (D) متمول

13 - نظم "برسات کی بہاریں" ہیت میں تحریر کی گئی ہے
(A) آزاد (B) مسدس (C) معرّیٰ (D) مخمس

14 - "خدائے سخن" کہا جاتا ہے
(A) مرزا غالب کو (B) حیدر علی آتش کو (C) بہادر شاہ ظفر کو (D) میر تقی میر کو

15 - بی جان نے اپنے گھر میں قائم کیا
(A) سکول (B) آگاہی سنٹر (C) ٹیوشن سنٹر (D) بیوٹی پارلر

www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org

(لازمی) 1st A 123 (سیکنڈری سکول پارٹ I، کلاس نہم) پرچہ 1

پہلا گروپ

وقت: 2:10 گھنٹے — انشائی — مارکس: 60

GUT-1-23

## حصہ اول

1۔ درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ حصہ نظم سے کوئی تین اور حصہ غزل سے کوئی دو اشعار کی تشریح کیجیے: (6+4=10)

### (حصہ نظم)

(3x2=6)

i- گو سب سے مقدم ہے حق تیرا ادا کرنا ...... بندے سے مگر ہوگا حق کیسے ادا تیرا

ii- صبا بے شک آتی مدینے سے ہے ...... کہ تجھ میں مدینے کے پھولوں کی بو ہے

iii- سب بھیگتے ہیں گھر گھر لے ماہ تا بہ ماہی ...... یہ رنگ کون رنگے تیرے سوا الٰہی!

iv- جو نغمہ زن تھے خلوتِ اوراق میں طیور ...... رخصت ہوئے ترے شجرِ سایہ دار سے

### (حصہ غزل)

(2x2=4)

2- i- نازکی اُس کے لب کی کیا کہیے ...... پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے

ii- ہم ہیں مشتاق اور وہ بیزار ...... یا الٰہی! یہ ماجرا کیا ہے

iii- ان حسرتوں سے کہہ دو کہیں اور جا بسیں ...... اتنی جگہ کہاں ہے دلِ داغ دار میں

## حصہ دوم

(5+5=10)

3- درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے، سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے:-

(الف) جو خطوط اُنھوں نے اپنے دوستوں کو لکھے ہیں، ان کے ایک ایک حرف سے مہرو محبت، غم خواری و یگانگت ٹپکی پڑتی ہے۔ ہر ایک خط کا جواب لکھنا اپنے ذمے فرضِ عین سمجھتے تھے۔ ان کا بہت سا وقت دوستوں کو جواب لکھنے میں صرف ہوتا تھا۔

(ب) آپ نے میری حالت کا اندازہ لگا لیا اور اس بات پر اصرار کیا کہ مَیں اپنے غربت کدے سے نکل کر آپ کے ہاں آ جاؤں تا کہ اطمینان کے ساتھ فن کی خدمت کر سکوں۔ آپ نے میرے لیے یہ کمرا وقف کر دیا۔

(ورق اُلٹیے)

GUT-1-23

4 - درج ذیل سوالات میں سے کسی پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجئے۔ (10)

i - انسان کب سخت کاہل اور وحشی ہو جاتا ہے؟

ii - روزانہ آرام وسکون نہ کیا جائے تو اس کا کیا نتیجہ نکلتا ہے؟

iii - اختر کے نزدیک نیازی کا قاتل کون تھا؟

iv - بُلبُل کے گانے کی کیا وجہ ہے؟

v - سلیم میاں کا مشغلہ کیا تھا؟

vi - بادِ صبا گھر گھر کیا لیے پھرتی ہے؟

vii - اقبالؒ نے ڈالی اور شجر سے کیا مراد لیا ہے؟

viii - شاعر نے کسے ناداں کہا ہے؟

5 - درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے۔ (5)

(الف) مرزا غالب کے عادات و خصائل (ب) لہو اور قالین

6 - شاملِ نصاب نظم " پیوستہ رہ شجر سے اُمیدِ بہار رکھ " کا مرکزی خیال یا خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (5)

7 - کسی فیکٹری کے مینیجر کے نام خط لکھیے جس میں فیکٹری دیکھنے کی اجازت مانگیے۔ یا اپنے سکول کے ہیڈ ماسٹر / ہیڈ مسٹریس / پرنسپل کے نام فیس معافی کی درخواست تحریر کیجئے۔ (10)

8 - " عقل مند بیوی " کے عنوان پر کہانی تحریر کیجئے۔ یا دکاندار اور خریدار کے درمیان " مہنگائی " پر مکالمہ تحریر کیجئے۔ (5)

9 - درج ذیل جملوں کی درستی کیجئے۔ (5)

i - کتابیں، کاپیاں، رجسٹر سب کچھ جل گئے۔

ii - لڑکیوں نے کہا ہم کھیلتی ہیں۔

iii - اسامہ نے بچہ کو اس کی ماں کو دیا۔

iv - ہم کو حج کرنا ہے۔

v - ہمیں چاہیے کہ ہمت کو نہ ہاریں۔

یا

درج ذیل ضرب الامثال کی تکمیل کیجئے۔

i - لاد دے لدا دے لادنے والا ____________ ۔

ii - شیخی اور ____________ ۔

iii - فقیر کی صورت ____________ ۔

iv - سوت نہ کپاس جولاہے سے ____________ ۔

v - باسی کڑھی میں ____________ ۔

پرچہ I

(سیکنڈری سکول پارٹ I ، کلاس نہم) 1st A 123 - (II)

دوسرا گروپ

مارکس : 15

Code: 5024 ...... معروضی

GUJ-2-23

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A ، B ، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

1 . 1- لوگ اکثر مرزا غالب کو خط لکھتے تھے
(A) محبت بھرے (B) دکھ بھرے (C) بیرنگ (D) طویل

2- مصرع "اس زلف پہ پھبتی شب دیجور کی سوجھی" کا شاعر ہے
(A) انشا (B) جرأت (C) درد (D) میر

3- "طفل" کی جمع ہے
(A) طفل (B) اطفال (C) اغلاط (D) اطفال

4- حافظ عالم نے مسلمانوں کو دارالامان ______ کی طرف رُخ کرنے کا حکم دیا
(A) مکہ (B) مدینہ (C) طائف (D) یمن

5- کرنیلوں کو رہائش کے لیے بنگلے ملتے ہیں
(A) اے کلاس (B) بی کلاس (C) سی کلاس (D) ڈی کلاس

6- "دانا" کا مترادف ہے
(A) عاقل (B) بالغ (C) خاص (D) حاکم

7- اللہ کا گدا ہمیشہ مگن رہتا ہے
(A) عبادت میں (B) اپنے آپ میں (C) کام کاج میں (D) کملی میں

8- "حبیب" کی جمع ہے
(A) اصحاب (B) احباب (C) حبائب (D) صاحب

9- "خان" کی مؤنث ہے
(A) خانم (B) خانی (C) خانو (D) خائن

10- طالب علم نے جتنے سال میں لاء کلاس کا کورس پورا کیا
(A) چار (B) دو (C) تین (D) پانچ

11- "اتفاق" کا متضاد ہے
(A) فراق (B) وفاق (C) نفاق (D) آفاق

12- صبا آتی ہے
(A) مدینہ سے (B) مکہ سے (C) جدہ سے (D) طائف سے

13- ماں کی گود میں سویا ہوا تھا / سوئی ہوئی تھی
(A) بلی (B) سلیم (C) لڑکی (D) بیدارا

14- ملازم کوٹ رہا تھا
(A) نمک (B) مرچیں (C) ریٹھے (D) گرم مصالحہ

15- آتش نے ہمیشہ وصف لکھے
(A) زلفِ یار کے (B) بتوں کے (C) دندانِ یار کے (D) [illegible]

www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org

اُردو (لازمی) | دوسرا گروپ | 1st A 123 (سیکنڈری سکول پارٹ I ، کلاس نہم) | پرچہ I

وقت: 2:10 گھنٹے | انشائی | مارکس: 60

GUJ-2-23

## حصہ اول

2 - درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ حصہ نظم سے کوئی تین اور حصہ غزل سے کوئی دو اشعار کی تشریح کیجیے: (6+4 = 10)

(حصہ نظم)

(3x2=6)

i - سُنی ہم نے طوطی و بلبل کی باتیں ...... ترا تذکرہ ہے، تری گفتگو ہے

ii - ملّت کے ساتھ رابطۂ استوار رکھ ...... پیوستہ رہ شجر سے، اُمیدِ بہار رکھ!

iii - پڑتے ہیں پانی ہر جا جل تھل بنا رہے ہیں ...... گلزار بھیگتے ہیں سبزے نہا رہے ہیں

iv - جچتا نہیں نظروں میں یاں خلعتِ سُلطانی ...... کملی میں مگن اپنی رہتا ہے گدا تیرا

(حصہ غزل)

(2x2=4)

i - آتشِ غم میں دل بُھنا شاید ...... دیر سے بُو کباب کی سی ہے

ii - بُلبل کو باغباں سے نہ صیّاد سے گلہ ...... قسمت میں قید لکھی تھی فصلِ بہار میں

iii - جان تُم پر نثار کرتا ہوں ...... میں نہیں جانتا دُعا کیا ہے

## حصہ دوم

3 - درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے ، سبق کا عنوان ، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے:- (5+5 = 10)

(الف) اس وقت جب کہ دعوتِ حق کے جواب میں ہر طرف سے تلوار کی جھنکاریں سنائی دے رہی تھیں، حافظِ عالم نے مسلمانوں کو دارالامان مدینہ کی طرف رُخ کرنے کا حکم دیا ، لیکن خود وجودِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم جو اُن ستم گاروں کا حقیقی ہدف تھا، اپنے لیے حکمِ خدا کا منتظر تھا۔

(ب) آپ ابھی تک اِسے ایک مذاق سمجھ رہے ہیں حالانکہ مَیں بالکل نارمل ہوں۔ ابھی تک آپ تصویر کا ایک ہی رُخ دیکھ رہے ہیں اور اب اس کا دوسرا رُخ دیکھیے جو اتنا بھیانک اور اتنا خوفناک ہے کہ آپ کے تصوّرات کا شیش محل ابھی زمین بوس ہو جائے گا۔

(ورق اُلٹیے)

GUJ-223

4 - درج ذیل سوالات میں سے کسی پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجئے۔ (10)

i - خواجہ باسط نے میر اور مرزا کے کلام کے بارے میں کیا فرمایا؟

ii - حضرت بی کون تھیں اور انہوں نے سلیم کو کیا نصیحت کی؟

iii - الگو چودھری کے پنچ مقرر ہونے پر شیخ جمن کیوں خوش تھا؟

iv - ہم ہر خوش گلو پرندے کو بلبل سمجھتے ہیں۔ اس میں قصور کس کا ہے؟

v - سلیم میاں کا مشغلہ کیا تھا؟

vi - پھولوں میں کس شہر کی خوشبو ہے؟

vii - جیب گل کس چیز سے خالی ہے؟

viii - میر نے "نیم باز آنکھوں کی مستی" کو کیا قرار دیا؟

5 - درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے۔ (5)

(الف) ہجرتِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (ب) قدرِ ایاز

6 - شاملِ نصاب نظم "حمد" کا مرکزی خیال **یا** خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (5)

7 - اپنے سکول کے ہیڈ ماسٹر / ہیڈ مسٹریس / پرنسپل کے نام فیس معافی کی درخواست تحریر کیجئے۔ **یا** ریڈیو کی آواز کم کرنے کے لیے ہمسائے کے نام خط لکھیے۔ (10)

8 - "سچ کی برکت" کے عنوان پر کہانی تحریر کیجئے۔ **یا** مریض اور ڈاکٹر کے درمیان ایک مکالمہ تحریر کیجئے۔ (5)

9 - درج ذیل جملوں کی درستی کیجئے۔ (5)

i - میں نے کتاب پڑھنا ہے۔

ii - ہم نے حج کرنا ہے۔

iii - ریوڑ جنگل میں چر رہے ہے۔

iv - علی نے بچہ کو اس کی ماں کو دیا۔

v - دل نے چاہا تو ضرور آؤں گا۔

**یا**

درج ذیل ضرب الامثال کی تکمیل کیجئے۔

i - تخم تاثیر ______ ۔

ii - غریب کی جورو ______ ۔

iii - طویلے کی بلا ______ ۔

iv - ماروں گھٹنا ______ ۔

v - قاضی کے گھر کے ______ ۔